اپارٹمنٹس میں کام کرنے والے اسٹاف سے متعلق COVID-19 اپڈیٹ

محترم مکین،

ہمارے مکینوں اور ملازمین کی سلامتی ہماری اولین ترجیح ہے۔ نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA) کورونا وائرس (COVID-19) پر نظر رکھنے کے لیے نیو یارک شہر کے محکمۂ صحت اور حفظان ذہنی صحت (Department of Health and Mental Hygiene) کے ساتھ قریبی رابطہ میں رہ کر مسلسل کام کر رہی ہے، ہم آپ کو ان نئے اقدامات سے با خبر کرنا چاہتے ہیں جو اتھارٹی اپارٹمنٹوں میں آمد کے دوران کر رہی ہے۔

فوری نافذ العمل، NYCHA اسٹاف آپ کے اپارٹمنٹ میں داخل ہونے سے پہلے مندرجہ ذیل احتیاطی اقدامات کرے گا:

کسی غیر ہنگامی مرمت یا ملاقاتوں کے لیے، NYCHA اسٹاف معلوم کرے گا کہ آیا گھرانے میں کسی شخص کو بخار، کھانسی، سانس پھولنے کی شکایت یا COVID-19 سے متاثر ہونے کی تصدیق ہے۔ کوئی بھی مکین جو اس سوال کا جواب "ہاں" دیتا ہے اس سے ملاقات کو 14 دنوں کے اندر یا جب ہر شخص بہتر محسوس کر رہا ہو تو گاہک رابطہ مرکز کو کال کر کے یا MyNYCHA جاکر دوبارہ مرتب کرانے کو کہا جائے گا۔

کسی ہنگامی مرمت کے لیے (مثال کے طور پر گیس/ پانی کا رساؤ، رکاوٹیں، وغیرہ) NYCHA اسٹاف وہی سوال پوچھے گا۔ اگر کوئی مکین اس سوال کا جواب "ہاں" دیتا ہے تو ان سے کہا جائے گا کہ:

1. جب تک مرمت کا کام مکمل نہ ہو جائے تب تک وہ کسی علیحدہ کمرے میں رہیں (اگر ممکن ہو) اور دروازہ بند رکھیں؛ یا
2. اگر کوئی علیحدہ کمرہ موجود نہ ہو تو جب تک مرمت کا کام مکمل نہ ہو جائے وہ اسٹاف سے کم از کم چھ فٹ کی دوری بنائے رکھیں۔

اگر آپ سوالوں کا جواب نہ دینے کا انتخاب کر تے ہیں اور / یا متذکرہ بالا ہدایات کی تعمیل نہ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو NYCHA اپائنٹمنٹ پھر سے مرتب کرے گی۔

برائے مہربانی یہ بھی جان لیں کہ NYCHA کا اسٹاف جو مرمتوں کو انجام دینے کے لیے آپ کے اپارٹمنٹ کا دورہ کر رہا ہے وہ آپ کے اپارٹمنٹ میں کام کرنے کے دوران ماسک یا دستانے پہننے کا انتخاب کر سکتا ہے۔ وہ مرمت کے دوران ہوا کی آمد ورفت بڑھانے کے لیے آپ کے اپارٹمنٹ میں کھڑکیاں کھول دینے کی بھی درخواست کر سکتا ہے۔

ہم لوگ اپنی NYCHA کمیونٹیوں کو محفوظ رکھنے کے لیے یہ اہم اقدامات کر رہے ہیں۔ جیسے جیسے COVID-19 کے سلسلہ میں نئی معلومات دستیاب ہوں گی ہم لوگ آپ کو تازہ ترین معلومات فراہم کرتے رہیں گے۔ اگر آپ کے پاس کوئی سوالات یا تشویشات ہوں تو برائے مہربانی گاہک رابطہ مرکز (CCC) کو 718-707-7771 پر کال کریں۔

COVID-19 سے متعلق مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں nyc.gov/coronavirus.

آپ کے تعاون کے لیے آپ کا شکریہ،

Greg Russ
صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (Chair & Chief Executive Officer)

Vito Mustaciuolo
جنرل مینیجر (General Manager)